# ٹیچرز گائیڈ



## ٹیچر کے لئے نوٹ:

- یہ ٹیچرزگائیڈ پانچویں یاچھٹی جماعت کے بچوں کے لئے لکھی گئی ہے لیکن بچوں کے تعلیمی معیار کے مطابق دوسری جماعتوں میں بھی پڑھائی جاسکتی ہے۔
اس کتاب کو پڑھانے کے لئے ہم نے ٹیچرز گائیڈ تیار کی ہے جو ۱۷ سیشن (sessions) پر مشتمل ہے۔پڑھانے کے مواد کی پیریڈ کے مطابق تقسیم بھی صرف اساتذہ کی سہولت کے لئے کی گئی ہے۔ ہمارا یہ مشورہ ہے کہ اساتذہ بچوں کی دلچسپی کو مدّنظر رکھتے ہوئے اس گائیڈ کو استعمال کریں۔ بچوں کی دلچسپی کے مطابق اس کی مشقوں میں ترمیم اور اضافہ کیا جاسکتا ہے۔

# تانا بانا

## سیشن 1

20منٹ

• ٹیچر پہلے بچوں کو بتائیں کہ یہ کتاب مختلف موضوعات پر ہے۔ اس کتاب میں حروف تہجی کے ہر حرف سے اشعار کہے گئے ہیں۔ ہر کلاس میں یہ اشعار پڑھے جائیں گے اور ان پر مشق ہوگی۔ اب باری باری ہر بچے سے ایک حرف کے نیچے دیئے ہوئے اشعار پڑھوائیں تاکہ بچے پوری کتاب پڑھ لیں۔ اگر وقت بچے تو بچوں سے پوچھیں کہ انھیں کتاب میں کیا پسند آیا اور کیوں؟

### گھر کا کام

• ہر بچے کو ایک حرف دیا جائے تاکہ وہ اس سے شروع ہونے والے چند اشعار لکھ کر لائے۔

## سیشن 2

40منٹ

• جو بچے اشعار لکھ کر لائے ہوں ان سے کہیں کہ وہ باری باری اپنے اشعار پڑھیں اور استاد ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ حرف 'ب' سے دیئے ہوئے اشعار پڑھیں اور بچوں کو بتائیں کہ بارش کس طرح ہوتی ہے۔ پھر ان سے بارش کے فوائد اور نقصانات پوچھیں۔ جیسے جیسے بچے بتائیں استاد بورڈ پر لکھیں اور تمام بچے اپنی کاپیوں میں۔ مثلاً:

**فوائد**

۱۔ گرم علاقوں میں بارش کے بعد موسم ٹھنڈا اور خوشگوار ہوجاتا ہے۔
۲۔ دھول اور جراثیم وغیرہ بارش کے پانی میں جذب ہوجاتے ہیں جس سے ہوا صاف ہوجاتی ہے۔
۳۔ درختوں کے پتے دھل جاتے ہیں اور ہر چیز صاف لگتی ہے۔
۴۔ ایک دو دن تک پودوں کو پانی دینے کی ضرورت نہیں پڑتی۔
۵۔ فصلوں کو پانی ملتا ہے۔
۶۔ گرمی کی وجہ سے جو تالاب خشک ہوجاتے ہیں وہ بارش کے بعد دوبارہ بھر جاتے ہیں۔

**نقصانات**

۱۔ ہر جگہ کیچڑ ہوجاتا ہے۔
۲۔ گٹر بھر جاتے ہیں اور گٹر کا پانی سڑکوں پر پھیل جاتا ہے۔
۳۔ بارش کا پانی کھڑا ہوجاتا ہے اور مچھر مکھیاں بڑھ جاتے ہیں۔ اس سے بیماریاں پھیلتی ہیں۔
۴۔ بہت زیادہ بارش سے دریا میں سیلاب آجاتا ہے اور آس پاس کے علاقے اس سے متاثر ہوتے ہیں۔
۵۔ گھروں کی چھتیں ٹپکنے لگتی ہیں اور ان کی دوبارہ مرمت کروانی پڑتی ہے۔

۶۔سڑکوں پر پانی کھڑا ہوجاتا ہے اور آمدورفت میں دقت ہوتی ہے۔

## سیشن 3

40منٹ

- حرف 'پ' کے اشعار بچوں کو پڑھ کر سنائیں۔
بچوں سے پوچھیں کہ پودینہ کیسا ہوتا ہے۔ اگر ممکن ہوتو پودینے کی گٹھی گھر سے لائیں اور بچوں کو دکھائیں۔ ان کو بتائیں کہ پودینے کا پانی کیسے تیار کیا جاتا ہے اور کیوں پلایا جاتا ہے؟ بچوں کو بتائیں کہ اور بھی ایسے علاج ہیں جو گھر میں کئے جاسکتے ہیں بچوں سے کہیں کہ اگر انہیں اس قسم کے گھریلو علاج معلوم ہوں تو آپ کو بتائیں۔ مثلاً:
۱۔ اگر گلا خراب ہو تو غرارے کرنے چاہیئں۔
۲۔ اگر پیچس ہوتو کیلے کھانے چاہیئں۔
۳۔ اگر بلغم ہوتو شہد کو گرم پانی میں ڈال کر پینا چاہیئے۔
بچوں سے کہیں کہ وہ پھسلاؤ اور سہلاؤ کے ہم آواز الفاظ بنائیں۔ مثلا: نہلاو، کھلاو، بہلاو، پھیلاو۔
جیسے جیسے بچے بتاتے جائیں ٹیچر بورڈ پر اور بچے کاپی میں لکھتے جائیں۔
نیچے دیئے ہوئے الفاظ میں واحد جمع، مذکر مئونث اور متضاد الفاظ ہیں، ان کے جوڑے بنائیں:
تیزتیز، اصلی، تالی، بند، کہانی، ٹوٹے، راجا، پرندے، نفرت، آؤ، کہانیاں، نقلی، پنجے، بندریا، تارے، کھول، بلی، ہولے ہولے، بّلا، بندر، رانی، پنجے، پیار، تار، جاؤ، پرندہ، تالیاں، جُڑے، بولنا، چپ رہنا۔
ٹیچر کے لئے نوٹ: اس مشق کا مقصد بچوں کے common sense کا امتحان لینا ہے۔ اوپر دی ہوئی فہرست میں جو الفاظ ہیں ان کو پڑھ کر معلوم ہوسکتا ہے کہ ان کا صحیح جواب کیا ہے۔ مثلا: تیز تیز کا کوئی مذکر یا مئونث نہیں ہوتا اور نہ ہی کوئی واحد جمع۔ اس کی صرف ضد ہوسکتی ہے۔ استاد بچوں کو یہ باتیں تفصیل سے سمجھائیں۔

### گھر کا کام

- بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے والدین سے کوئی حکیمی نسخے پوچھیں اور لکھ کر لائیں۔

## سیشن 4

40منٹ

- ت، ٹ اور ث کے حروف سے جو اشعار ہیں بچوں کو پڑھ کر سنائیں۔ بچوں سے کہیں کہ اس صفحے پر ت سے جتنے الفاظ شروع ہوتے ہیں وہ باری باری آکر بورڈ پر لکھیں۔ پھر کتاب کے علاوہ ان کو جو ت سے شروع ہونے والے الفاظ آتے ہیں وہ بورڈ پر لکھیں۔ ساتھ ساتھ بچے اپنی کاپیوں میں بھی لکھتے جائیں۔ ٹ اور ث کے صفحوں پر تصویروں میں جو چیزیں بنی ہیں بچے ان کے نام باری باری بتائیں اور استاد بورڈ پر لکھیں۔ ساتھ ساتھ بچے اپنی کاپیوں میں لکھیں۔ بچوں کو ثمر کے معنی بتائیں۔

## گھر کا کام

- بچوں سے کہیں کہ وہ گھر سے پوچھ کر آئیں کہ کتاب میں دیئے ہوئے پھل پاکستان کے کن علاقوں میں اور کس موسم میں دستیاب ہوتے ہیں۔ اس معلومات کا ایک چارٹ بنائیں۔ اگر بچے چاہیں تو چارٹ اس طرح بناسکتے ہیں۔

| پھل کا نام | شہر یا علاقہ جہاں پایا جاتا ہے | کون سے موسم میں دستیاب ہوتا ہے | اس پھل سے کون سی غذائیت ملتی ہے |
|---|---|---|---|

## سیشن 5

40منٹ
- بچوں کو علامت کے معنی سمجھائیں۔ انہیں بتائیں کہ کچھ چیزیں اپنی خصوصیات یا استعمال کی وجہ سے کسی اور چیز کی علامت سمجھی جاتی ہیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ ترازو کس چیز کی علامت ہے۔ اس کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ یہ جانور کن چیزوں کی علامت ہیں: فاختہ (امن)، شاہین (تیز نظری اور بلند پرواز)، شیر (بہادری)، اونٹ (لمبا قد)، گیدڑ (بزدلی)، وغیرہ وغیرہ

بچوں سے کلاس میں ایک کھیل کھلوائیں۔ اس کھیل کا تعلق ج،چ،ح اور خ کے صفحوں سے ہے۔ پہلا بچہ ج کے صفحے میں سے کوئی لفظ پڑھے اور دوسرا بچہ اس لفظ کے آخری حرف سے ایک نیا لفظ بنائے۔ اگر کوئی بچہ لفظ نہ بناسکے تو وہ چ کے صفحے سے کوئی حرف پڑھے اور کھیل دوبارہ شروع کرے۔

## گھر کا کام

- بچوں سے کہیں کہ ج،چ،ح اور خ کے صفحوں سے املا کی تیاری کرکے آئیں۔

## سیشن 6

20منٹ
- اس سیشن میں بچوں سے املا لیں۔ جب بچے املا لکھ لیں تو ان سے کہیں کہ وہ آپس میں کاپیوں کا تبادلہ (exchange) کریں، ایک دوسرے کی کاپیوں کی اصلاح کریں اور نمبر دیں۔ اس طرح بچوں کو استاد کا رول ادا کرنے کا موقع ملے گا اور غلطیوں کی تلافی بھی ہوجائے گی۔ استاد غلطیوں کی اصلاح بورڈ پر کرتے جائیں۔

## سیشن 7

40منٹ
- د اور ڈ کے صفحوں پر لکھے ہوئے اشعار کو پڑھ کر سنائیں۔ بچوں کو کسی چیز کی دام چکانے کا مطلب سمجھائیں۔ ان کو بتائیں کہ اس کے لغوی معنی کسی چیز کی پیسے دینا ہوتا ہے اور محاورتاً احسان کا بدلہ اتارنا ہوتا ہے۔ بچوں سے پوچھیں کہ دھوبی کپڑے کیوں سکھاتا ہے اور چھاؤں میں کیوں نہیں۔ بچوں کو بتایئے کہ

پانی دھوپ کے ذریعے کس طرح مایہ سے گیس میں تبدیل ہوجاتا ہے اور ہوا بھی کسی حد تک پانی کو جذب کر لیتی ہے۔ پھر بچوں کو سمجھائیں کہ ڈھب ڈھب کے کوئی اصلی معنی نہیں ہوتے ہیں۔ یہ ڈھول کی آواز کو الفاظ میں لکھنے کا طریقہ ہے۔ کچھ اور ایسی آوازیں بچوں سے پوچھیں اور انہیں مثالیں دیں۔ مثلاً: کھڑکھڑ دروازے کی آواز ہوتی ہے۔ ٹھک ٹھک دستک کی اور سُڑ سُڑ نزلے یا زکام کی۔

## گھر کا کام

- بچوں سے کہیں کہ وہ گھر سے دھوبی کا انٹرویوں لے کر آئیں۔ استاد بچوں کو دھوبی کی روزمرہ زندگی کے بارے میں سوالات پوچھنے کی ہدایات دیں۔

# سیشن 8

40منٹ

- ذ ر اور ڑ کی تحریریں پڑھیں۔

بچوں سے 'میٹھی زبان سے دل اپنانے' کا مطلب پوچھیں۔ ان کو اس طرح سمجھائیں کہ ان پر یہ واضح ہوجائے کہ لغوی اور اصطلاحی معنی میں کیا فرق ہے۔ مثلاً: ان سے یہ کہہ سکتے ہیں کہ میٹھی زبان کا مطلب یہ نہیں کہ زبان اصل میں میٹھی ہو بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی سے ایسے بات کرنا کہ وہ آپ کی بات کو پسند کرے۔ اسی طرح کسی کے دل اپنانے، کا مطلب یہ ہے کہ وہ آپ کو پسند کرنے لگے۔ بچوں کو چند اور محاورے بتائیں جس سے لغوی اور اصطلاحی معنوں کے درمیان فرق اور واضح ہوجائے۔ مثلاً:

۱۔ چور کی داڑھی میں تنکا۔

۲۔ ہاتھ پاؤں پھول جانا۔

۳۔ آگ بگولہ ہونا۔

۴۔ آسمان سے باتیں کرنا۔

ز کی تحریر بچوں کو پڑھ کر سنائیں اور چونکہ اس میں فصل کا ذکر ہے اس لئے انہیں فصل اگانے کے تمام مرحلوں کے بارے میں بتائیں۔ ان سے کہیں کہ وہ تحقیق کرکے ایک ہفتے کے اندر رپورٹ لکھیں جس میں مندرجہ ذیل باتوں کا ذکر ضرور کریں:

۱۔ زمین تیار کرنا، ہل چلانا۔

۲۔ بیج بونا۔

۳۔ زمین کو ہموار کرنا۔

۴۔ پانی دینا۔

۵۔ فصل کی تیاری تک اس کی رکھوالی کرنا۔

۶۔ فصل کاٹنا۔

ان سے یہ بھی پوچھیں کہ کون سی فصل کس ماہ میں لگائی جاتی ہے اور کس ماہ میں تیار ہوتی ہے۔ فصل کے متعلق یہ بھی پوچھا جاسکتا ہے کہ کون سی فصل کے لئے کس قسم کی نشونما ضروری ہوتی ہے۔ جس طرح چاول

کی فصل کے لئے پانی زیادہ استعمال ہوتا ہے۔ استاد بچوں کو چند اور مثالیں دیں۔

## سیشن 9

40منٹ

- بچوں کو س اور ش کی تحریریں پڑھ کر سنائیں۔

بچوں سے پوچھیں کہ ان میں سے کتنے پھل یا سبزی وہ دھوکر کھاتے ہیں اور انہیں دھونا کیوں ضروری ہے۔

ا۔ انہیں بتائیں کہ پھل اور سبزیوں کو توڑنے کے بعد انہیں باغوں اور کھیتوں سے منڈی تک لانے میں بہت سے لوگ ہاتھ لگاتے ہیں اور عموما ان کے ہاتھ دھلے ہوئے نہیں ہوتے۔ اس کے علاوہ پھلوں پر مکھیاں اور دوسرے کیڑے مکوڑے بیٹھتے ہیں اور دھول پڑتی ہے جس کی وجہ سے پھل اور سبزیوں کے اوپر جراثیم لگ جاتے ہیں اور بیماریاں پھیلتی ہیں۔ منڈی میں بھی انہیں صاف جگہ نہیں رکھا جاتا۔

۲۔ جب ہم کوئی چیز کھاتے ہیں تو ہم یہ نہیں چاہتے کہ مٹی ہمارے منہ میں جائے کیونکہ مٹی سے پیٹ میں کیڑے پڑتے ہیں اور بیماریاں بھی لگ سکتی ہیں۔

۳۔ سبزیاں اور پھل اگر دھلے ہوئے ہوں تو زیادہ اچھے نظر آتے ہیں اور ہمارا انہیں کھانے کو زیادہ جی چاہتا ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ ایک پھل باغ میں اُگنے کے بعد کن مراحل سے گزر کر ہم تک پہنچتا ہے اور اس کی قیمت میں کس حد تک اضافہ ہوتا ہے۔ مثلا: کسی پھل کی قیمت باغ پرپہنچنے تک کافی حد تک بڑھ جاتی ہے۔ اس کی ایک وجہ ذرائع ترسیل کا مہنگا ہونا ہے۔ بچوں سے چیزوں کی قیمت بڑھنے کی اور وجوہ پوچھیں۔

## سیشن 10

40منٹ

- ص اور ض کی تحریریں پڑھیں (نوٹ: اگر مناسب ہوتو اس سیشن کے لئے ایک nutritionist یا ڈاکٹر کو بلاکر کلاس میں گفتگو کروائیں)۔

بچوں سے پوچھیں کہ اچھی صحت کے لئے ہمیں کن چیزوں کا خیال رکھنا چاہیئے۔ مثلا:

**ا۔ اچھی غذا:**

بچوں سے پوچھیں کہ اچھی غذا میں کیا کیا چیزیں شامل ہیں۔ مثلا: گوشت، انڈے، دال، روٹی، پھل وغیرہ۔ جب بچے یہ تمام چیزیں بتادیں تو ان کو یہ بھی بتائیں کہ ہفتہ میں کتنی دفعہ یہ چیزیں کھانی چاہیئں اور کن چیزوں سے پرہیز کرنا چاہیئے۔ مثلا: زیادہ تیل یا زیادہ مصالحے کھانے سے۔

**۲۔ صاف پانی:**

اگر پانی صاف نہ ہو تو پیٹ کی بہت سی بیماریاں ہوسکتی ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ پانی صاف کرنے کے لئے ابالا جاتا ہے یا فلٹر کیا جاتا ہے یا اس میں پھٹکری ڈالی جاتی ہے۔

**۳۔ ورزش:**

انہیں بتائیں کہ ورزش کے کیا فوائد ہیں۔ مثلا: جسم چاق و چوبند رہتا ہے۔ نیند اچھی آتی ہے۔ انسان زیادہ تندرست اور جسم زیادہ مضبوط ہوجاتا ہے۔

**۴۔ صاف ماحول اور صاف ستھرا رہنا:**

گندگی کی وجہ سے جراثیم ہمارے جسم میں داخل جوجاتے ہیں اور ہمیں مختلف قسم کی بیماریاں ہوجاتی ہیں۔ اسی لئے گھر صاف ہونا چاہیئے اور روز نہانا چاہیئے۔

### گھر کا کام

- بچوں سے کہیں کہ وہ ایک چارٹ بنائیں جس کو دو حصوں میں تقسیم کریں۔ ایک طرف وہ لکھیں کہ ایک ہفتے میں کون سی چیزیں کھانی چاہئیں اور دوسری طرف یہ لکھیں کہ وہ ایک ہفتہ میں کون سی چیزیں کھاتے ہیں۔

## سیشن 11

40منٹ

- بچوں کو عادل اور عالیہ کا مطلب بتائیں۔ انہیں سمجھائیں کے عادل اور عدالت عدل سے بنتے ہیں۔ بچوں سے کہیں کہ ان تمام اشعار کے بعد عدالت عالیہ کا مطلب سوچ کر بتائیں۔ استاد بچوں کی رہنمائی کریں۔ بچوں کو ایسی مثالیں دیں جن میں دو الفاظ کے مرکب سے ایک نیا لفظ بنتا ہو۔ مثلا: خوب اور صورت کے مرکب سے خوبصورت بنتا ہے۔ اور تن اور درست کے مرکب سے تندرست بنتاہے۔

### گھر کا کام

- بچوں سے کہیں کہ ایسے مزید الفاظ بناکر لائیں جو دو الفاظ کے مرکب ہوں۔

## سیشن 12

40منٹ

- بچوں کو ع، غ، ف اور ق کی تحریریں پڑھ کر سنائیں۔

بچوں سے پوچھیں کے عید سے انہیں کن چیزوں کا خیال آتا ہے۔ ان کے جواب استاد بورڈ پر اور بچے اپنی کاپیوں میں لکھیں۔ مثلا: نماز، عیدی، ملناجلنا، سویاں، بکرا، نئے کپڑے، سجاوٹ، چھٹی، رمضان۔ بچوں کو شاہ قارون کی کہانی سنائیں اور ان سے پوچھیں کہ اس کے بارے میں ان کے کیا اثرات ہیں۔ بچوں سے گفتگو کریں کہ لالچ کی وجہ سے لوگ کس طرح کے غلط کام کرتے ہیں۔ اور بچوں سے ان کے جوابات بورڈ پر لکھوائیں۔ مثلا:

ا۔ جھوٹ بولتے ہیں۔
۲۔ دھوکا دیتے ہیں۔
۳۔ دوسروں کا حق مارتے ہیں۔

بچوں ک کو دوسروں کا حق مارنے کا مطلب سمجھائیں اور ان سے مثالیں دینے کے لئے کہیں۔

## گھر کا کام

- بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی پسند کی اردو کی کتاب پر تبصرہ (book review) لکھ کر لائیں۔ تبصرے میں مندرجہ ذیل کا خیال رکھیں:
  ا۔ کتاب کا نام، اس کا موضوع، کتاب کے مصنف کا نام۔
  ۲۔ کتاب میں جو باتیں انہیں اچھی یا بری لگیں۔
  ۳۔ کیا وہ چاہیں گے کہ اور لوگ بھی اس کتاب کو پڑھیں اگر نہیں تو کیوں؟

# سیشن 13

40منٹ

- ک، گ، ل، م اور ن کی تحریریں پڑھ کر سنائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ کوئل کوّے کے گھونسلے میں انڈے دیتی ہے اور ان سے اس کی ممکن وجوہ پوچھیں۔ کوئل کے گانے سے کس موسم کی آمد کا پیغام ملتا ہے؟ بچوں سے پرندوں کے نام پوچھیں۔ جن بچوں کو معلوم ہوں وہ بورڈ پر آ کر لکھیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ حرف ل کے صفحے پر لڑکی کے بالوں سے انہیں کس سمندری جانور کا خیال آتا ہے (جواب آکٹوپس)۔ کیا انہوں نے یہ جانور پہلے دیکھا ہے؟ یہ کہاں رہتا ہے، کتنا بڑا ہوتا ہے اور کیا کھاتا ہے؟ بچوں کو بتائیں کہ آکٹوپس پتھروں پر رہتے ہیں اور مچھلیاں کھاتے ہیں۔ یہ مختلف سائز کے ہوتے ہیں۔ کچھ تو ہمارے ہاتھ کے برابر ہوتے اور کچھ ایک سرے سے دوسرے سرے تک بیس سے پچیس فٹ لمبے ہوتے ہیں۔ اکٹوپس کے آٹھ بازو ہوتے ہیں۔ نیچے دی ہوئی فہرست میں متضاد الفاظ اور واحد جمع کے جوڑے بنائیں:
  کالا، کھونا، لفافہ، لٹ، گاجریں، اوقات، پانا، وقت، بچہ، گاجر، گورا، سلجھانا، بچے، الجھانا، لڑکے، گلی، لڑکیاں، لٹیں، لفافے، گلیاں، عقلمند، عمارت، غبارہ، اچھا، برا، غم، بیوقوف، عمارتیں، خوشی، عینک، غبارے۔

## گھر کا کام

- اگر آخری مشق کلاس میں ختم نہ ہوتو گھر سے کرکے لائیں۔

# سیشن 14

40منٹ

- پہلے و اور ہ کی تحریریں پڑھیں۔
  بچوں سے پوچھیں کہ ہم سال میں کتنے جشن مناتے ہیں اور ہر جشن کے بارے میں معلوم کریں کہ وہ کیوں منایا جاتا ہے اور کس طرح۔ مثلاً:
  ا۔ جشن آزادی۔
  ۲۔ چھوٹی اور بڑی عید۔
  ۳۔ شب بارات۔
  ۴۔ ۲۳ مارچ۔

۵۔ بسنت۔

بچوں کو دوسرے مذاہب کے تہواروں کے بارے میں بھی بتائیں۔ مثلاً: ہندوؤں میں ہولی، دیوالی وغیرہ منائی جاتی ہے۔ عیسائیوں میں christmas اور نیا سال منایا جاتا ہے۔ اس موضوع پر کلاس میں گفتگو کریں۔

## گھر کا کام

- بچے چارٹ بنائیں جس میں مختلف مذاہب کے جشن اور تہواروں کے بارے میں لکھیں۔

| مذہب | جشن | تاریخ | وجہ |
|---|---|---|---|

بچے چارٹ کے چاروں طرف ایسی تصویریں بنائیں جن کا خیال انہیں ان تہواروں سے آتا ہے۔ مثلا: عید سے چاند کا خیال آتاہے، قومی دن سے جھنڈے کا خیال آتا ہے اور ۲۳ مارچ سے مینار پاکستان کا خیال آتا ہے۔

# سیشن 15

40منٹ

- ء، ی اور ے کی تحریریں پڑھیں۔

بچوں سے پوچھیں کہ جانوروں کی کھینچی جانے والی کتنی گاڑیوں کے نام انہیں معلوم ہیں اور یہ بھی پوچھیں کہ یہ گاڑیاں کن کاموں کے لئے استعمال ہوتی ہیں۔ مثلا:

ا۔ ٹانگہ۔ انسانوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانے کے لئے۔

۲۔ بیل گاڑی۔ سامان لادنے کے لئے اور دیہات میں سفر کرنے کے لئے۔

۳۔ گدھا گاڑی۔ سامان لادنے کے لئے۔

۴۔ اونٹ گاڑی۔ سامان لادنے کے لئے۔

بچوں سے پوچھیں کہ کیا کوئی ایسی گاڑی ہے جسے انسان کھینچتے ہیں۔ انہیں بتائیں کہ ہندوستان میں سائیکل رکشا ہوتے ہیں جن کا اگلا حصہ سائیکل کی طرح ہوتا ہے اور پچھلے حصے میں بیٹھنے کی جگہ ہوتی ہے۔ چین میں بھی ایسی گاڑیاں ہوتی ہے جنہیں آدمی ہاتھوں سے کھینچتے ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ یہ بہت مشقت کا کام ہے اور جو لوگ یہ کام کرتے ہیں عام طور پر ان کی صحت کچھ عرصہ بعد خراب ہوجاتی ہے۔

## گھر کا کام

- بچوں سے کہیں کہ وہ اگلی کلاس کے لئے املا کی تیاری کرکے آئیں۔

# سیشن 16

40منٹ

- بچوں کو املا دیں۔ املا میں چند آسان اور چند مشکل الفاظ لکھوائیں۔ بچوں سے ایک دوسرے کی غلطیاں درست کروائیں اور پھر استاد غلطیاں بورڈ پر درست کریں۔

# سیشن 17

40منٹ

- آخری سیشن میں ٹیچرز بچوں سی کراس ورڈ (crossword) کروائیں جس کے ذریعے بچوں پر 'تانابانا' کا مطلب واضح ہوجائے گا۔ بچوں سے کہیں کہ اپنی قمیض کو قریب سے دیکھیں اور انہیں بتائیں کہ کپڑوں کی بنائی میں جو دھاگہ لمبائی کی طرف ہوتا ہے اسے تانا اور جو چوڑائی کی طرف ہوتا ہے اسے بانا کہتے ہیں۔ اس طرح جو الفاظ تانا کی فہرست میں دیئے ہوئے ہیں وہ لمبائی میں بھرنے ہیں اور جو الفاظ بانا کی فہرست میں دیئے ہوئے ہیں وہ چوڑائی میں۔ مثلاً: بانا کی فہرست میں پہلا اشارہ 'وہ چیز جو کمان میں چلاتے ہیں' ہے۔ کیونکہ یہ نمبر ۱ ہے اور بانا کی فہرست میں سے ہے اس لئے اس کو نیچے دیئے ہوئے خانوں میں اس طرح بھریں گے۔

بچوں کو اچھی طرح سمجھا کر ان سے یہ مشق کروائیں۔ اگلے چند صفحوں کی فوٹو کاپی بنا کر بچوں میں تقسیم کریں۔
استاد کی سہولت کے لئے نیچے جوابات دیئے گئے ہیں:

### تانا

| | |
|---|---|
| ۱۔ تیز | ۲۔ انگور۔ |
| ۴۔ تاج۔ | ۵۔ فقیر۔ |
| ۷۔ بلّی۔ | ۹۔ بستہ۔ |
| ۱۰۔ ٹوکری۔ | ۱۱۔ کھیل۔ |
| ۱۵۔ طبیعت | ۱۲۔ اطمینان۔ |
| ۱۸۔ فرش۔ | ۱۹۔ فوارہ۔ |
| ۲۲۔ کھلاؤ۔ | ۲۴۔ گال۔ |
| ۲۶۔ کوّا۔ | |

### بانا

| | |
|---|---|
| ۱۔تیر۔ | ۲۔ اژدھا۔ |
| ۳۔ بنیان۔ | ۶۔زبان۔ |
| ۸۔ گلاب۔ | ۱۲۔ سمجھو۔ |
| ۱۳۔ یخنی۔ | ۱۴۔ ادھورا۔ |
| ۱۶۔ اڑائیں۔ | ۱۷۔ لفافے۔ |
| ۲۰۔ تیل۔ | ۲۱۔ مینڈک۔ |
| ۲۳۔ ریگستان۔ | ۲۵۔ نوکیلا۔ |
| ۲۷۔ لکھنا۔ | ۲۸۔ واقف۔ |

## تانا

۱۔ 'آہستہ' کی ضد۔
۲۔ جو رانی کھانا چاہتی تھی۔
۴۔ جو بادشاہ سر پر پہنتا ہے۔
۵۔ مانگنے والا۔

۷۔ چوہے کی دشمن۔
۹۔ جس میں اسکول کی کتابیں ڈالتے ہیں۔
۱۰۔ جس میں سودا سبزی ڈالتے ہیں۔
۱۱۔ پڑھائی کے ساتھ ساتھ۔۔۔۔کود بھی ہونا چاہیئے۔
۱۵۔ جب آپ بیمار ہوتے ہیں تو آپ کی۔۔۔۔اچھی نہیں ہوتی۔
۱۶۔ سکون سے ہونا۔
۱۸۔ جس پر ہم کھڑے ہوتے ہیں۔
۱۹۔ وہ چیز جو باغ میں پائی جاتی ہے اور جس سے پانی کی دھاریں اوپر کی طرف جاتی ہیں۔
۲۲۔ اگر وہ بیمار ہے تو اسے دوا۔۔۔۔۔۔۔
۲۴۔ چہرے کا وہ حصہ جو ناک کے دونوں طرف ہوتا ہے۔
۲۶۔ وہ کالا پرندہ جو چڑیوں کا دشمن ہوتا ہے۔

## بانا

۱۔ جو کمان میں چلاتے ہیں۔
۲۔ ایک سانپ جو بڑے جانوروں کو بھی نگل سکتا ہے۔
۳۔ جو آپ قمیض کے نیچے پہنتے ہیں۔
۶۔ پاکستان میں اردو۔۔۔۔بولی جاتی ہے۔
۸۔ ایک خوبصورت اور خوشبودار پھول جس کی شاخوں میں بہت کانٹے ہوتے ہیں۔
۱۲۔ کسی کو سمجھانے کے لئے کہنا۔
۱۳۔ بیماری کے وقت خاص طور پر پلائی جاتی ہے اور گوشت کو ابال کر بنائی جاتی ہے۔
۱۴۔ کسی چیز کو نامکمل چھوڑ دینا۔
۱۶۔ 'شام کو ہم پتنگ۔۔۔۔۔گے'
۱۷۔ ہم خط جس چیز میں بند کر کے بھیجتے ہیں اس چیز کی جمع۔
۲۰۔ جس میں انڈے تلے جاتے ہیں۔
۲۱۔ تالاب میں رہنے والا وہ جانور جو ٹراٹراتا ہے۔ خاص طور پر برسات میں۔
۲۳۔ ایسا علاقہ جہاں ریت ہی ریت ہوتی ہے اور کیکٹس(Cactus) پائے جاتے ہیں۔
۲۵۔ کانٹا۔۔۔۔ہوتا ہے اور چبھ سکتا ہے۔
۲۷۔ 'جب میں نے خط۔۔۔۔۔شروع کیا تو دروازے پر دستک ہوئی۔
۲۸۔ جاننے والا۔